**17.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. ماجدعلی

**Music**

-------------------------------

☆ بھارت کا پانی کا جہاز نندا دیوی آبنائے ہرمُز پار کرنے کے بعد قطر سے 46 ہزار میٹرک ٹن LPG لے کر گجرات کے Vadinar بندرگاہ بحفاظت پہنچ گیا ہے۔

☆ لوک سبھا نے 8 ممبران پارلیمنٹ کی معطّلی کو منسوخ کردیا ہے۔

☆ حکومت نے کہا ہے کہ کسانوں کے دعووں کی بروقت آدائیگی، شفافیت اور ذمہ داری کو یقینی بنانے کیلئے پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا میں تبدیلی کی گئی ہے۔

☆ بھارت نے اسلاموفوبیا سے متعلق جھوٹ پھیلانے اور افغانستان میں بمباری پر اقوام متحدہ پاکستان کی سرزنش کی ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، فرانس میں آج Orleans ماسٹرس کا آغاز ہورہا ہے۔ کدامبی سری کانت، آیوش شیٹی اور تنوی شرما کل سے بھارتی مہم کی قیادت کریں گے۔

------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**INDIAN VESSELS - LPG**

مغربی ایشیاء میں جاری جنگ کے دوران بھارت کا پانی کا جہاز نندا دیوی آبنائے ہرمز پار کرنے کے بعد 46 ہزار میٹرک ٹن LPG لے کر قطر سے گجرات کے دیوبھومی دوارکا ضلع میں وادینار بندرگاہ پر بحفاظت پہنچ گیا ہے۔ کل بھارت کا پانی کا جہاز شیوالک 46 ہزار میٹرک ٹن LPG لے کر قطر سے گجرات کے مُندرا بندرگاہ پر بحفاظت پہنچ گیا تھا۔ دونوں جہازوں کی سپلائی سے قدرتی گیس کے ذخیرے میں اضافہ ہوگا۔ مغربی ایشیاء میں جاری کشیدگی کے دوران

شیوالک LPG لے کر بھارت پہنچنے والا پہلا جہاز ہے۔

کل نئی دلّی میں بین وزارتی بریفنگ کے دوران خطاب کرتے ہوئے جہاز رانی، آبی گزرگاہوں، بندرگاہوں کی وزارت کے خصوصی سکریٹری راجیش کمار سنہا نے بتایا کہ 81 ہزار ٹن خام تیل لے کر بھارت کے ایک اور جہاز Jag Laadki کے آج پہنچنے کی توقع ہے۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کی جوائنٹ سکریٹری سجاتا شرما نے بتایا کہ خام تیل کی وافر مقدار موجود ہے اور سبھی ریفائنریز اپنی زیادہ سے زیادہ صلاحیت کے ساتھ کام کررہی ہیں۔×

## SHAH NCB RAISING DAY

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے منشیات کی روک تھام کے بیورو NCB کے یومِ تاسیس کے موقع پر، اُس کے اہلکاروں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب شاہ نے کہا کہ NCB اپنی ذمہ داریاں بخوبی نبھاتا ہے اور وہ منشیات سے پاک بھارت کے وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ویژن کو تیزی کے ساتھ آگے بڑھا رہا ہے۔ NCB کو ایک اہم ایجنسی قرار دیتے ہوئے، جو ملک کے نوجوانوں کو منشیات سے بچانے کی کوشش کرتی ہے، وزیرِ موصوف نے کہا کہ ملک اُن کی لگن اور حب الوطنی کو سلام پیش کرتا ہے۔ x

## LS MP SUSPENSION

لوک سبھا نے 8 اپوزیشن ارکانِ پارلیمنٹ کی معطّلی منسوخ کردی ہے۔ ایوان نے اتفاقِ رائے سے اِس سلسلے میں ایک تحریک منظور کی۔ پارلیمانی امور کے وزیر کرن ریجیجو نے تحریک پیش کی، جس میں ارکان کی معطّلی کو فوری طور پر ختم کئے جانے کی تجویز تھی۔ یہ ارکان ہیں: کانگریس کے Manickam ٹیگور، امریندر سنگھ راجا Warring، گرجیت سنگھ Aujla، Hibi Eden، Dean Kuriakose، پرشانت Padole اور کرن کمار ریڈی اور CPIM کے S. Venkatesan۔ اسپیکر اوم برلا نے کہا کہ کل لوک سبھا میں، پارٹیوں کے ایوان کے رہنماؤں کی میٹنگ کے دوران، ہر پارٹی نے ایوان میں شائستگی اور وقار برقرار رکھنے اور پارلیمنٹ کی روایات پر عمل کرنے کے اپنے عہد کا اعادہ کیا تھا۔

انہوں نے ارکان سے درخواست کی کہ وہ پارلیمنٹ ہاؤس کمپلیکس میں Play Card ، بینرس اور AI سے تیار کی گئی ویڈیوز اور تصویروں کی نمائش نہ کریں اور ایوان کے وقار کو برقرار رکھیں۔

اپوزیشن کے 8 ارکانِ پارلیمنٹ کو گذشتہ مہینے کی تین تاریخ کو ایوان میں اُن کی نازیبا حرکتوں کیلئے بجٹ اجلاس کے باقی حصے سے انہیں معطل کردیا گیا تھا۔ x

**LS FARMERS**

حکومت نے پردھان منتری فصل بیمہ یوجنا میں ترمیم کی ہے تا کہ شفافیت، جوابدہی اور کسانوں کے دعووں کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا جاسکے۔ آج لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کے جواب دیتے ہوئے، زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیو راج سنگھ چوہان نے کہا کہ اِس سے پہلے کسانوں کو اپنے کھاتے میں رقم آنے کا کئی مہینے تک انتظار کرنا پڑتا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ اگر بیمہ کرنے والی کمپنیاں کسانوں کے دعووں کو 21 دن کے اندر اندر نپٹانے میں ناکام رہتی ہیں تو انہیں 12 فیصد سود کے ساتھ زراعت سے متعلق دعووں کی ادائیگی کرنی ہوگی۔ وزیرِ موصوف نے یہ بھی بتایا کہ اگر ریاستی سرکاریں دعووں کو نپٹانے کے عمل میں تاخیر کریں گی تو انہیں بھی کسانوں کو 12 فیصد سود ادا کرنا ہوگا۔

جناب چوہان نے کہا کہ کسان، دعووں کے نپٹائے جانے سے متعلق اپنی شکایات ''کرشی رَکشک پورٹل'' پر بھی رجسٹرڈ کرا سکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک دو لاکھ 71 ہزار شکایتیں پورٹل پر رجسٹر کرائی جاچکی ہیں اور حکومت اِن شکایتوں کی چھان بین کررہی ہے اور سخت کارروائی بھی کررہی ہے۔

**LS PIYUSH GOYAL**

کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا میں جاری بحران کے باوجود بھارت کی اقتصادی صورتحال بدستور مضبوط ہے۔ لوک سبھا میں آج وقفۂ سوالات کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے، جناب گوئل نے مزید کہا کہ بھارت کے ساتھ تجارتی رشتوں کو مستحکم کرنے کیلئے دنیا بھر میں جوش و خروش پایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ تین برس میں 38 ملکوں کے ساتھ تجارتی سمجھوتوں پر دستخط کئے گئے ہیں، جن سے برآمدکاروں کو مواقع فراہم ہوئے ہیں۔ وزیرِ موصوف نے کہا کہ جب یہ سبھی آزاد تجارتی سمجھوتے نافذ ہوجائیں گے تو اِن سے بھارتی برآمدکاروں کیلئے بے پناہ مواقع پیدا ہوں گے۔x

**PNG - AADHAR AUTHENTICATION**

حکومت نے یہ بات واضح کی ہے کہ LPG بایو میٹرک آدھار کی تصدیق، e-KYC کی ضرورت صرف غیرتصدیق شدہ LPG صارفین کیلئے ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ کوئی نئی ہدایت نہیں ہے اور یہ بایو میٹرک آدھار کی تصدیق مکمل کرنے کیلئے مزید LPG صارفین کی حوصلہ افزائی کے سلسلے میں حکومت کی کوششوں کا ایک حصہ ہے۔ غیر پردھان منتری اُجوولا یوجنا کے صارفین، جنہوں نے یہ کام پہلے کرلیا ہے، انہیں اِسے دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ پردھان منتری اُجوولا یوجنا کے صارفین کو ہر مالی سال میں

صرف ایک بار یہ کام کرنا ہے۔ اس میں مزید کہا گیا ہے کہ e-KYC گھر بیٹھے بغیر کسی خرچ کے آسانی سے کیا جاسکتا ہے اور کسی بھی حالت میں Refill کی سپلائی متاثر نہیں ہوتی۔x

**MURUGAN NITIN NABIN**

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیرِ مملکت اور BJP کے سینئر رہنما ڈاکٹر ایل مروگن نے آج بہار سے راجیہ سبھا کا رکن منتخب ہونے پر BJP کے صدر Nitin Nabin کو مبارکباد دی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں، وزیرِ موصوف نے نئے رول میں اُن کی مسلسل کامیابی کیلئے انہیں نیک خواہشات پیش کیں۔ ڈاکٹر مروگن نے اِس یقین کا بھی اظہار کیا کہ بانکی پور کے MLA کے طور پر جناب Nabin کا تجربہ اور قیادت ایوانِ بالا کی کارروائی کیلئے اہم ثابت ہوں گے۔ قومی جمہوری اتحاد NDA نے کُل بہار سے راجیہ سبھا کی سبھی پانچوں سیٹیں جیت لی ہیں۔ x

**MAMTA - ECI**

مغربی بنگال کی وزیراعلیٰ ممتابنرجی نے چیف انتخابی افسر گیانیش کمار کو ایک خط لکھا ہے، جس میں انہوں نے انتخابی پینل کے ذریعہ کئے جارہے تبادلوں پر عدم اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے الزام لگایا کہ اسمبلی انتخابات کے اعلان کرنے کے کچھ ہی گھنٹوں بعد انتخابی کمیشن نے انتظامیہ کے اعلیٰ سطح کے حکام کا تبادلہ کردیا۔ چیف سکریٹری، داخلہ سکریٹری اور پولیس کے ڈائریکٹر جنرل، اُن لوگوں میں شامل ہیں، جن کا تبادلہ کیا گیا۔ اُدھر پدوچیری میں کانگریس نے انتخابی کمیشن سے زور دے کر کہا ہے کہ پدوچیری میں انہیں تاریخوں میں انتخابات کرائے جائیں، جب پڑوس کی ریاست تمل ناڈو میں انتخابات ہونے ہیں۔

کمیشن کو دیئے گئے ایک میمورنڈم میں کانگریس نے مطالبہ کیا کہ یا تو پدوچیری اسمبلی انتخابات تمل ناڈو کے ساتھ 23 اپریل کو کرائے جائیں، یا تمل ناڈو کے انتخابات کی تاریخ 9 اپریل کی جائے۔ پارٹی نے یہ بھی درخواست کی ہے کہ اگر 9 اپریل کی مقررہ تاریخ پر انتخابات ہوتے ہیں تو تمل ناڈو میں کام کرنے والے پدوچیری کے لوگوں کو اجرت کے ساتھ چھٹی دینے کو یقینی بنایا جائے تاکہ وہ اپنے حق کا استعمال کرسکیں۔x

**PREZ - AKSHAYA PATRA**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج تعلیم کو کسی فرد کی زندگی میں مواقع پیدا کرنے کا ایک اہم ذریعہ بتایا۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم کامیابی کے راستے کو آسان بناتی ہے۔ نئی دلّی میں Akshaya Patra فاؤنڈیشن کے ذریعہ منعقد ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بااختیار بنانے اور صلاحیت سازی کا عمل اسکول کی تعلیم

سے ہی شروع ہوجاتا ہے۔

اسکولوں میں مِڈ ڈے میل مہیا کرانے میں Akshaya Patra فاؤنڈیشن کی کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ مرکزی حکومت پی ایم پوشن شکتی نرمان کی شکل میں دنیا کی سب سے بڑی مڈ ڈے میل اسکیم چلارہی ہے۔

صحت اور ایک مضبوط ملک بنانے کی جانب ایک اہم قدم بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ اقدام تغذیئے کے مسائل کو حل کرتا ہے، جو بھارت میں بچوں میں ابتدائی تعلیم کیلئے ایک رکاوٹ بنتا ہے۔

## INDIA UN PAK

بھارت نے اقوامِ متحدہ میں پاکستان کی شدید نکتہ چینی کی ہے اور اس پر الزام لگایا ہے کہ وہ ہمسایہ ملکوں میں اسلاموفوبیا سے متعلق منگھڑت اور فرضی بیان پھیلا رہا ہے، جبکہ وہ خود اپنے گھریلو ریکارڈ کو نظر انداز کررہا ہے۔ اسلاموفوبیا سے نمٹنے کے بین الاقوامی دن سے متعلق اقوامِ متحدہ آسمبلی کی میٹنگ میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے، بھارت کے مستقل نمائندے پی ہریش نے کہا کہ پاکستان، سیاسی مقاصد کیلئے، اس معاملے کا غلط استعمال کررہا ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ احمدیہ فرقے کے ساتھ پاکستان کے وحشیانہ سلوک اور رمضان کے دوران افغانستان میں، اُس کے فضائی حملوں کو کس طرح جائز قرار دیا جاسکتا ہے۔ جناب ہریش نے پاکستان پر الزام لگایا کہ وہ بھارت کے خلاف اسلامی تعاون کی تنظیم OIC کو ایک حربے کے طور پر استعمال کرنے کی کوشش کررہا ہے۔

انہوں نے بھارت کے خلاف بار بار غلط اور بے بنیاد دعوے کرنے پر OIC کی نکتہ چینی کی۔ انہوں نے اقوامِ متحدہ سے زور دے کر کہا کہ وہ سرکاری اور غیر سرکاری عناصر دونوں کی جانب سے سیاسی مقاصد کیلئے مذہبی شناخت کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کے بڑھتے ہوئے خطرے کو تسلیم کرے۔ بھارت کی گونا گونیت کو اجاگر کرتے ہوئے، جناب ہریش نے کہا کہ بھارت میں 20 کروڑ مسلمان بستے ہیں۔ انہوں نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ جموں وکشمیر کے مسلمانوں سمیت بھارت کے مسلمان اپنے نمائندے منتخب کرکے جمہوری عمل میں سرگرمی کے ساتھ حصہ لیتے ہیں۔ بھارت نے مذہبی نفرت اور ہر قسم کے تشدد سے پاک دنیا کے قیام کے تئیں اپنے عہد کو بھی دوہرایا۔x

## JAISHANKAR - MEETING

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ یوروپی یونین کے ساتھ آزاد تجارتی سمجھوتہ FTA، دونوں فریقوں کے درمیان ایک اہم کڑی ثابت ہوگا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ یہ معاہدہ نہ صرف بے پناہ اقتصادی امکانات کھولے گا، بلکہ دونوں فریقوں کے درمیان سرگرمی کی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔ یوروپی یونین کی وزرائے خارجہ کی کونسل کی ایک

میٹنگ میں شرکت کیلئے بیلجیم کی راجدھانی برسلز کے اپنے دو روزہ دورے کے اختتام پر وزیر موصوف نے یہ بات ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہی۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے برسلز میں یوروپی یونین کے اپنے ہم منصبوں سے ملاقات کی۔

ملاقات کے دوران ایران اور یوکرین کے تنازعات سمیت یوروپ کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

یوروپی کونسل کے صدر Antonio Costa، یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen اور یوروپی کمیشن کی نائب صدر Kaja Kallas کے علاوہ وزیر موصوف نے یوروپی یونین کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بھی ملاقات کی اور اُن میں سے کچھ کے ساتھ الگ سے باہمی بات چیت بھی کی۔ میٹنگ میں اس بات پر تبادلہ خیال کیا گیا کہ دونوں فریقوں کو، تجارت، سرمایہ کاری کو فروغ دینے سمیت دیگر سرگرمیوں میں فعال طور پر کام کرنا چاہئے، تاکہ FTA کے مقاصد کو حقیقی شکل دی جاسکے۔ اس بات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا کہ استحکام کو بڑھاوا دینا اور سپلائی چین کے خطرات کو کم کرنا مشترکہ مقاصد ہیں اور FTA اس سمت تجارتی روابط کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا۔

ڈاکٹر جے شنکر نے یہ بھی بتایا کہ انہوں نے اس بات پر بھی بات چیت کی کہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان شراکت داری غیر یقینی اور کثیر رخی دنیا میں استحکام اور طاقت کے محرک کے طور پر کام کرے گی۔x

## IRAN EMBASSY ADVISORY

ایران میں بھارتی سفارتخانے نے ایران میں موجود بھارتی شہریوں کو یہ صلاح دی ہے کہ وہ تہران میں بھارتی سفارتخانے سے پیشگی تال میل کے بغیر ایران کی کسی بھی سرحد کی طرف نہ جائیں اور نہ ہی اِسے پار کرنے کی کوشش کریں۔

مذکورہ ایڈوائزری میں سفارتخانے نے کہا ہے کہ جو لوگ سفارتخانے کی رہنمائی یا اُسے جانکاری دیے بغیر سرحد کے راستے ایران سے باہر نکلنے کی کوشش کریں گے، انھیں سنگین لوجسٹِکل اور امیگریشن مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ سفارتخانے نے کہا ہے کہ اگر ایسے افراد پیشگی تال میل کے بغیر ایران کے علاقے سے باہر چلے جاتے ہیں تو پھر وہ انھیں امداد فراہم کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہوگا۔ x

## AFGHAN ATTACK

افغانستان کی راجدھانی کابل میں کل رات ایک اسپتال پر پاکستان کے فضائی حملے میں کم از کم 400 افراد مارے گئے جبکہ تقریباً 250 زخمی ہوئے۔

طالبان سرکار کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ پاکستان کے فضائی حملے میں اسپتال کا بڑا حصہ تہس نہس ہو گیا ہے اور مرنے والوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستانی فوج نے ایک بار پھر افغانستان کی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی ہے اور کابل میں منشیات کی لعنت سے متاثرہ لوگوں کی باز آبادکاری اسپتال کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں وہاں زیرِ علاج متاثرہ افراد ہلاک اور زخمی ہوئے۔

اِس حملے سے چند گھنٹے قبل افغان حکام نے بتایا تھا کہ دونوں ملکوں کے درمیان سرحد پر فائرنگ ہوئی ہے۔

اُدھر افغانستان کیلئے انسانی حقوق سے متعلق اقوامِ متحدہ کے خصوصی رابطہ کار Richard Bennett نے اسپتال پر حملے میں عام شہریوں کی اموات پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔

انسانی حقوق سے متعلق بین الاقوامی فاؤنڈیشن نے بھی یہ کہتے ہوئے اِس حملے کی مذمت کی ہے کہ اسپتال جیسے عوامی مقامات کو نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے۔ پاکستانی فوج نے حالیہ ہفتوں میں کئی بار کابل پر حملہ کیا ہے جس کے نتیجے میں بڑی تعداد میں عام شہری مارے گئے۔x

## BADMINTON ORLEANS MASTERS

بیڈمنٹن میں، آج فرانس میں Orleans ماسٹرز سپر 300 ٹورنامنٹ میں سرکردہ کھلاڑی کدامبی سری کانت اور نوجوان کھلاڑی آیوش شیٹی اور تنوی شرما بھارتی چیلنج کی قیادت کریں گے۔ دیگر سینئر کھلاڑی اچ ایس Prannoy پچھلے ہفتے Besel میں سوئس اوپن کے دوران کاندھے میں چوٹ کی وجہ سے ٹورنامنٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔ سابق عالمی نمبر ایک اور موجودہ تیسویں نمبر کے کھلاڑی کدامبی سری کانت کا مقابلہ پہلے راؤنڈ میں مردوں کے سنگلز زمرے میں ڈنمارک کے Maguns Johannesen کے ساتھ ہوگا۔ آٹھویں سیڈ اور عالمی نمبر 25 کے کھلاڑی آیوش شیٹی اپنے ہم وطن Kiran جارج کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔

خواتین سنگلز میں تنوی شرما کا مقابلہ تھائی لینڈ کی Supanida Katethong کے ساتھ ہوگا، جبکہ مالویکا بانسوڑ کا مقابلہ چائینز تائے پی کی Sung Shuo Yun کے ساتھ ہوگا۔ مردوں کے ڈبلز زمرے میں بھارت کی مہم کی قیادت ہری ہرن Amsakarunan اور ایم آر ارجن کریں گے۔

خواتین کے ڈبلز زمرے میں اشونی بھٹ کے اور شیکھا گوتم اور دیویکا Sihag اور ایشارانی Baruah بھارت کی مہم کی قیادت کریں گے۔

مکسڈ ڈبلز میں Tanisha Crasto اور Dhruv Kapila کی جوڑی نیز روہن کپور اور Ruthvika Shivani Gadde کی جوڑی مقابلہ کرے گی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆